پریس ریلیز

ریزروبینک آف انڈیا

ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ:www.rbi.org.in
ای-میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، شہید بھگت سنگھ مارگ ممبئی-400001
فون: 91 22 2266 0502 فیکس: 91 22 22660358

7اپریل2016

ریزروبینک آف انڈیا دھولپور اربن کوآپریٹیو بینک لمٹیڈ، دھولپور پر جرمانہ عائد کیا

ریزروبینک آف انڈیا دھولپور اربن کوآپریٹیو بینک لمٹیڈ، دھولپور پر ایک لاکھ روپیہ(Rs.1,00,000/-) کا جرمانہ عائد کیا۔ ریزرو بینک نے یہ جرمانہ بینکنگ ریگولیشن ایکٹ1949 (جیسا کہ کوآپریٹیو سوسائٹیز پر لاگو ہے) کے سیکشن47A(1)(b) جس کو سیکشن 46(4) کے ساتھ ملاکر پڑھا جائے میں ملے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے اس بینک کے ذریعہ منی لانڈرنگ مخالف/ اپنے گاہک کو پہچانیئے (کے وائی سی) کی ہدایات اور گائیڈ لائنس کی خلاف ورزی کرنے پر عائد کیا ہے۔

ریزروبینک نے بینک کو ایک شوکاز (وجہ بتاؤ) نوٹس جاری کیا تھا جس کے جواب میں اس نے خود مل کر ایک تحریری جواب پیش کیا۔ اس کے جواب پر غور کرتے ہوئے اور حقیقت کو سمجھتے ہوئے ریزروبینک اس نتیجہ پر پہونچا کہ خلاف ورزیاں تو کی گئی ہیں اور اس پر مالی جرمانہ کا جواز بنتا ہے اس کے مطابق بینک پر جرمانہ عائد کردیا گیا۔

پریس ریلیز2374/2015-16

اجیت پرسا
اسسٹنٹ ایڈوائزر